# شبیر ٹائلز اینڈ سرامکس لمیٹڈ

رجسٹرڈ آفس: 15 واں مائل اسٹون، نیشنل ہائی وے، لانڈھی،
کراچی-75120 فون: 13-38183610 (021)


# اطلاع سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ شبیر ٹائلز اینڈ سرامکس لمیٹڈ کا ۴۵ واں سالانہ اجلاس عام بروز پیر ۲۳ اکتوبر ۲۰۲۳ء صبح ۱۰:۳۰ بجے بمقام انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس آف پاکستان (آئی سی اے پی)، نزد تین تلوار، کلفٹن، کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا:

**عمومی کارروائی**

۱۔ ۳۰ جون ۲۰۲۳ء کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات مع ان پر چیئرمین کی جائزہ رپورٹ، ڈائریکٹرز رپورٹ اور آڈیٹرز رپورٹ کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۲۲۳ (۷) کے مطابق کمپنی کے مالیاتی حسابات کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کیے جا رہے ہیں جن کو درج ذیل لنک اور QR فعال کوڈ سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

https://www.stile.com.pk/wp-content/uploads/reports/annual-report-2023.pdf

۲۔ سال ۲۰۲۳ء - ۲۰۲۴ء کیلئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضے کا تعین۔ بورڈ کی آڈٹ کمیٹی اور بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سفارش کی ہے کہ میسرز اے۔ ایف۔ فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس کو سالانہ اجلاس عام میں کمپنی کے ممبران کی جانب سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز میسرز ای وائی فورڈ رہوڈز، چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس کی جگہ پر تقرر کرنے کیلئے سفارش کی ہے۔

**خصوصی کارروائی**

۳۔ درج ذیل قرارداد پر بطور عمومی قرارداد غور وخوص کرنا اور درست پانے کی صورت میں اس کی منظوری جو کہ کمپنی سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کمپنی کے ممبران کو بذریعہ سی ڈی/ ڈی وی ڈی/ یو ایس بی کے بجائے بذریعہ QR فعال کوڈ اور ویب لنک فراہم کرنے کے ضمن میں ہے، جیسا کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (''ایس ای سی پی'') کی جانب سے اس کے نوٹیفکیشن ایس آر او ۳۸۹ (ا)/۲۰۲۳ مورخہ ۲۱ مارچ ۲۰۲۳ء کے تحت لازمی قرار دیا گیا ہے۔

**قرار پایا کہ** کمپنی کو اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہٰذا اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کمپنی کے ممبران کو ایس ای سی پی کی جانب سے جاری کردہ ایس آر او ۳۸۹ (ا)/۲۰۲۳ مورخہ ۲۱ مارچ ۲۰۲۳ء کے مطابق QR فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ارسال کرے۔

**مزید قرار پایا کہ** کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر یا کمپنی سیکریٹری کو اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہٰذا اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ انفرادی طور پر بااختیار ہیں کہ اس قرارداد پر عملدرآمد کے مقاصد کیلئے تمام ضروری اقدام، معاہدے اور کارروائیاں انجام دیں اور تمام قانونی کارروائیوں اور شرائط پر عمل کرنے کے لئے ضروری اقدامات کریں اور اس سلسلے میں ضروری یا اتفاقی طور پر درکار لازمی دستاویزات داخل کریں۔

۴۔ صدرِ اجلاس کی اجازت سے کمپنی کی کسی دیگر کارروائی کی انجام دہی۔

حسب الحکم بورڈ

**اویس جامانی**
کمپنی سیکریٹری

کراچی:
۲ اکتوبر ۲۰۲۳ء

**نوٹ:**

**۱۔ شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش**

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس ۱۷ اکتوبر ۲۰۲۳ء تا ۲۳ اکتوبر ۲۰۲۳ء (بشمول دونوں یوم) سالانہ اجلاسِ عام کے مقصد کیلئے بند رہیں گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک-B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی۔ ۷۴۴۰۰، فون نمبر: 500-111-111 (021)، ای میل: cdcsrsl@cdcsrsl.com پر ۱۶ اکتوبر ۲۰۲۳ء کو کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ٹرانسفر سالانہ اجلاس عام میں شرکت کیلئے ٹرانسفریز کے تعین کے مقصد کیلئے بروقت تصور کئے جائیں گے۔

**۲۔ سالانہ اجلاس عام میں طبعی طور پر موجود رہنے یا وڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے شرکت**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے سرکلر نمبر ۴، مورخہ ۱۵ فروری ۲۰۲۱ء کے ذریعے لسٹڈ کمپنیز کو ہدایت کی ہے کہ وہ اجلاس عام میں ممبران کی شرکت فزیکل میٹنگز کے ساتھ ساتھ باقاعدگی سے الیکٹرونک طریقہ کار کے ذریعے ممکن بنائیں۔ اس کے مطابق ایسے شیئر ہولڈرز جو اجلاس میں وڈیو لنک کے ذریعے شرکت کے خواہشمند ہوں ان سے درخواست ہے کہ وہ اپنی خواہش کی اطلاع کو اپنے مکمل کوائف نامزد کردہ ای میل ایڈریس corporate@stile.com.pk پر درج ذیل شیڈول میں دیئے گئے طریقہ کار کے مطابق جمع کرانے کے ذریعے خود کو لازمی رجسٹر کرالیں۔ وڈیو کانفرنس لنک کی تفصیلات اور لاگ اِن کی تفصیل صرف اُن شیئر ہولڈرز کو فراہم کردی جائے گی جن کے مکمل کوائف ۲۱ اکتوبر ۲۰۲۳ء تک یا اس سے قبل ان کے رجسٹرڈ ای میل ایڈریسز سے موصول ہو جائیں گے۔

| شیئر ہولڈر کا نام | فولیو/سی ڈی سی نمبر | سی این آئی سی نمبر | موبائل فون نمبر | رجسٹرڈ ای میل آئی ڈی |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

لاگ اِن کی سہولت ۲۳ اکتوبر ۲۰۲۳ء کو صبح ۱۰:۰۰ بجے کھول دی جائے گی تاکہ شرکت کنندگان اجلاس کی کارروائیوں میں شریک ہوسکیں جو کہ ٹھیک صبح ۱۰:۳۰ بجے شروع ہوجائیں گی۔

جن ممبران کے نام ۱۶ اکتوبر ۲۰۲۳ء کو ممبران کے رجسٹر میں موجود ہوئے انہیں اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا استحقاق حاصل ہوگا۔

**۳۔ پراکسی**

اجلاسِ ہٰذا میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا استحقاق رکھنے والا کوئی بھی ممبر اپنی جگہ اجلاس میں شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کیلئے ایک پراکسی مقرر کرنے کا حق رکھتا/رکھتی ہے۔ پراکسی کے تقرر کی دستاویز اور پاور آف اٹارنی یا دیگر اتھارٹی جو باقاعدہ دستخط شدہ ہو یا پاور یا اتھارٹی کی نوٹری پبلک سے تصدیق شدہ کاپی کی صورت میں ہو، لازماً کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس کے وقت سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل جمع کرادی جائیں۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو درج ذیل رہنما ہدایات پر عمل کرنا ہوگا جیسا کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی جانب سے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 مورخہ ۲۶ جنوری ۲۰۰۰ء میں درج ہے۔

**اے۔ اجلاس میں شرکت کے لئے**

i افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا ضمنی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا ایسے افراد جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ کی صورت میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ کردی گئی ہوں انہیں اجلاس میں شرکت کے وقت اپنی شناخت ثابت کرنے کیلئے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا اصل پاسپورٹ دکھانا ہوگا۔

ii کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نامزد کے نمونہ دستخط (بشرطیکہ یہ پہلے فراہم نہ کئے گئے ہوں) اجلاس میں شرکت کے وقت پیش کرنا ہوں گے۔

**بی۔ پراکسیز کے تقرر کے لئے**

i افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا ضمنی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا ایسے افراد جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ کی صورت میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات سی ڈی سی ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ کردی گئی ہوں انہیں پراکسی فارم درج بالا شرائط کے مطابق جمع کرانا ہوگا۔

ii پراکسی فارم پر دو گواہوں کے دستخط ہوں جن کے نام، پتے اور سی این آئی سی نمبرز فارم پر درج ہوں۔

iii پراکسی فارم کے ساتھ بینی فیشل اونرز اور پراکسی کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول فراہم کرنا ہوں گی۔

iv پراکسی کو بوقت شرکت اجلاس اپنا اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

v کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نمونہ دستخط (بشرطیکہ یہ پہلے فراہم نہ کئے گئے ہوں) پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو پیش کرنا ہوں گے۔

**۴۔ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کے لئے ضابطہ اخلاق**

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۲۱۵ (دی ''ایکٹ'') اور ریگولیشن ۲۸ کمپنیز (جنرل پروویژنز اور فارمز) ریگولیشنز، ۲۰۱۸ء میں شیئر ہولڈرز کے ضابطہ اخلاق کو درج ذیل کے مطابق بیان کیا گیا ہے:

i شیئر ہولڈرز کو فیصلوں کیلئے براہِ راست انتظامیہ پر دباؤ ڈالنے یا ان سے رابطے کی اجازت نہیں ہے جو کہ انتظامیہ کے سہل اور جاری رہنے والے امور میں کسی قسم کی رکاوٹ کا باعث بنیں، قانون میں واضح کیا گیا ہے کہ شیئر ہولڈرز کو کوئی ایسا سامان لانے کی اجازت بھی نہیں جو شرکت کنندگان یا اس مقام جہاں سالانہ اجلاسِ عام منعقد ہو رہا ہو، کیلئے کسی خطرے کا سبب ہو یا اے جی ایم کے نوٹس میں دیے گئے ایجنڈا آئٹمز کیلئے ان کے منافی ہو اور کوئی بھی ایسا رویہ جو کسی بھی طریقے سے ان کے کسی سیاسی اثر و رسوخ کو ظاہر کرتا ہو۔

ii کوئی بھی شیئر ہولڈر جو اس سیکشن میں فراہم کردہ طریقہ کار اور کمیشن کی جانب سے مقرر کردہ ضوابط کے مطابق ضابطہ اخلاق پر عمل کرنے میں ناکام ہو، اسے مذکورہ سیکشن کے تحت جرم کا مرتکب قرار دیا جائے گا وہ اس جرمانے کا ذمہ دار قرار پائے گا جو اسٹینڈرڈ اسکیل پر لیول 1 سے زائد نہ ہو۔

iii مزید برآں کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۸۵ پر عملدرآمد کے تحت کمپنی کو اپنے اجلاس میں اپنے ممبران کو کسی بھی صورت میں تحائف تقسیم کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

## ۵۔ پتے کی تبدیلی

شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ اپنے پتوں میں تبدیلی، اگر کوئی ہو، سے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فوری مطلع کریں۔

## ۶۔ ابھی تک فراہم نہ کئے جانے والے کارآمد سی این آئی سی کی نقول کا جمع کرانا

انفرادی شیئر ہولڈرز سے ایک مرتبہ پھر درخواست ہے کہ اگر انہوں نے ابھی تک اپنے کارآمد سی این آئی سی کی نقول کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو جمع نہیں کرائیں تو فوری جمع کرا دیں۔

## ۷۔ شیئر رجسٹرار کو اطلاعات کا جمع کرانا

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۱۹ اور کمپنیز (جنرل پروویژنز اینڈ فارمز) ریگولیشنز، ۲۰۱۸ کے ریگولیشن ۱۹ کے مطابق تمام فزیکل شیئر ہولڈرز کو ہدایت کی جاتی ہے وہ قانون کی کسی رُوگردانی یا مستقبل میں کسی زحمت سے بچنے کے لئے اپنی تمام ضروری معلومات مثلاً سی این آئی سی نمبر، پتہ، ای میل ایڈریس، رابطہ (موبائل/ لینڈ لائن) نمبرز، پیشہ وغیرہ سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو فوری طور پر فراہم کر دیں۔

## ۸۔ سالانہ مالیاتی حسابات کی بذریعہ ای میل منتقلی

ایس ای سی پی کی جانب سے ایس آر او ۷۸۷(۱)/۲۰۱۴ مورخہ ۸ ستمبر ۲۰۱۴ء کے تحت دی گئی ہدایات کے مطابق وہ شیئر ہولڈرز جو آئندہ سالانہ مالیاتی حسابات ڈاک کے بجائے بذریعہ ای میل وصول کرنے کے خواہشمند ہوں، انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ اپنا باقاعدہ اجازت نامہ بشمول اپنے کارآمد ای میل ایڈریس کمپنی کی ویب سائٹ www.stile.com.pk پر دستیاب اسٹینڈرڈ درخواست فارم پر ارسال کریں اور مذکورہ فارم باقاعدہ پُر شدہ صورت میں اور اس پر دستخط کر کے اپنے سی این آئی سی/ پاسپورٹ کی کاپی یا کارپوریٹ باڈی ہونے کی صورت میں کوئی بھی ایسی دیگر معلومات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کر دیں۔ ۳۰ جون ۲۰۲۳ء کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے سالانہ مالیاتی حسابات کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۲۲۳ (۶) پر عملدرآمد کے تحت ارسال کئے جا رہے ہیں۔

## ۹۔ سی این آئی سی/ این ٹی این تفصیلات کا جمع کرانا (لازمی شرط)

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے مطابق ایس آر او ۸۸۹(۱)/۲۰۱۱ اور ایس آر او ۸۳۱(۱)/۲۰۱۲ الیکٹرونک فارم میں منافع منقسمہ کے کاؤنٹرز میں مجاز شخص یا رجسٹرڈ ممبر، ماسوائے نابالغ افراد اور کارپوریٹ ممبران، کے سی این آئی سی نمبر درج ہونے چاہئیں۔ اس کے مطابق ایسے ممبران جنہوں نے ابھی تک اپنے کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) کی نقل کمپنی/شیئر رجسٹرار کو ارسال نہیں کی انہیں ایک بار پھر یاد دہانی کرائی جاتی ہے کہ وہ اسے فوری طور پر براہِ راست کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کر دیں۔ کارآمد سی این آئی سی کی کاپی کی عدم وصولی کی صورت میں کمپنی قانون کے تحت ان شیئر ہولڈرز کا منافع منقسمہ روکنے پر مجبور ہوگی۔

## ۱۰۔ نقد منافع منقسمہ کی الیکٹرونک طریقہ کار سے ادائیگی (لازمی شرط)

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۲۴۲ کی شقوں اور کمپنیز (منافع منقسمہ کی تقسیم) کے ضابطہ ۲۰۱۷ کے مطابق کسی بھی لسٹڈ کمپنی کے لئے یہ لازم ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈر کو نقد منافع منقسمہ صرف بذریعہ الیکٹرونک طریقہ کار براہِ راست استحقاق کے حامل شیئر ہولڈر کی جانب سے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں ادا کرے۔ اس سلسلے میں کمپنی کی جانب سے نوٹس پہلے ہی اخبارات میں شائع کرائے جا چکے ہیں تاہم شیئر ہولڈرز سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ وہ "الیکٹرونک کریڈٹ مینڈیٹ فارم" کو پُر کریں جیسا کہ ذیل میں دوبارہ دیا گیا ہے اور الیکٹرونک مینڈیٹ فارم کو باقاعدہ دستخط شدہ صورت میں کارآمد سی این آئی سی/ این ٹی این کی کاپی کے ہمراہ اپنے متعلقہ سی ڈی سی پارٹیسپنٹ/ سی ڈی سی انویسٹرا کاؤنٹ سروسز (شیئر ہولڈنگ بک انٹری کی شکل میں ہونے کی صورت میں) یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار یعنی میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (سی ڈی سی ایس آر ایس ایل)، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک-B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی۔ ۷۴۴۰۰ کو (فزیکل صورت میں شیئر ہولڈنگ ہونے پر) ارسال کر دیں:

| | |
|---|---|
| **شیئر ہولڈرز کی تفصیلات** | |
| شیئر ہولڈر(ز) کا نام | |
| فولیو نمبر/ سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر | |
| سی این آئی سی نمبر (کاپی منسلک) | |
| موبائل/ لینڈ لائن نمبر | |
| **شیئر ہولڈرز کی بینک تفصیلات** | |
| بینک اکاؤنٹ کا ٹائٹل | |
| انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (آئی بی اے این) | |
| بینک کا نام | |
| برانچ کا نام اور پتہ | |

درج بالا معلومات کی عدم فراہمی کی صورت میں کمپنی نقد منافع منقسمہ کو کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۲۴۳ (۳) کے تحت روک لے گی۔

## ۱۱۔ فزیکل شیئرز کا سی ڈی سی اکاؤنٹ میں جمع کرانا

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۷۲ کے مطابق ہر ایک موجودہ لسٹڈ کمپنی کے لئے اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری کی صورت میں کمیشن کی جانب سے اعلان کردہ مقررہ صورت میں تبدیل کرنا ہوگا۔

فزیکل شیئر ہولڈنگ کے حامل شیئر ہولڈرز کی جانب سے کسی بھی بروکرز یا انویسٹرا کاؤنٹس کے پاس اپنے فزیکل شیئرز کی جگہ اسکرپ لیس صورت میں براہِ راست سی ڈی سی کے پاس سی ڈی سی ضمنی اکاؤنٹ کھولنے کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔

## ۱۲۔ غیر کلیم کردہ/ غیر ادا شدہ شیئرز اور منافع منقسمہ

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۲۴۴ پر عملدرآمد کرتے ہوئے کمپنی نے ایک بار مقررہ کارروائیاں مکمل کر لی ہیں، اب کوئی بھی غیر کلیم کردہ منافع منقسمہ اور/ یا شیئرز جو کہ اس قانون پر عملدرآمد کی تاریخ سے ۳ سال کی مدت کے لئے واجب الادا رہا ہو اور زائد مدت کے لئے قابل ادائی ہو وہ وفاقی حکومت کو جمع کرا دیا جائے گا (منافع منقسمہ کی صورت میں) یا ایس ای سی پی کو فراہم کر دیا جائے گا (فزیکل شیئرز کی صورت میں)۔ ایسے شیئر ہولڈرز جو کسی بھی وجہ سے ابھی تک اس کو وصول نہ کر سکے ہوں اور ان کے غیر کلیم کردہ منافع منقسمہ/ شیئرز ابھی تک واجب الادا ہوں، انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (سی ڈی سی ایس آر ایس ایل)، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک-B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی۔ ۷۴۴۰۰ سے اپنے غیر کلیم شدہ منافع منقسمہ یا شیئرز، اگر کوئی ہوں، کی وصولی/ ان کے بارے میں معلومات کے لئے رابطہ کریں۔

## ۱۳۔ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (اے ٹی ایل) کا اسٹیٹس

تمام شیئر ہولڈرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ ایف بی آر کی ویب سائٹ پر دستیاب ایکٹو ٹیکس پیئر زلسٹ (اے ٹی ایل) پر اپنے اسٹیٹس کو چیک کریں اور اگر ضرورت ہو تو اے ٹی ایل پر اپنے نام کو شامل کرنے کے لئے ضروری اقدامات کریں۔

کسی فرد کا نام اے ٹی ایل پر موجود نہ ہونے کی صورت میں نافذ العمل ٹیکس کی شرح ۱۰۰ فیصد تک بڑھ جائے گی۔

مشترکہ اکاؤنٹ کی صورت میں براہِ مہربانی ہر ایک اکاؤنٹ ہولڈر کی شیئر ہولڈنگ کے تناسب بشمول اے ٹی ایل پر ان کے انفرادی اسٹیٹس کے بارے میں آگاہ کیا جائے۔

منافع منقسمہ کی آمدنی سے ود ہولڈنگ ٹیکس سے استثنیٰ صرف اس صورت میں حاصل ہوگا اگر کارآمد ٹیکس استثنیٰ سرٹیفکیٹ کی کاپی سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو کتاب کی بندش کے پہلے روز تک فراہم کر دی جائے۔

## ۱۴۔ پوسٹل بیلٹ

ممبران پوسٹل بیلٹ کے طریقہ کار کے ذریعے اپنے ووٹ کا حق استعمال کر سکتے ہیں یعنی بذریعہ ڈاک یا الیکٹرونک طریقہ کار کے ذریعے ووٹ دے سکتے ہیں جو کہ کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۴۳ اور ۱۴۴ اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، ۲۰۱۸ کی مروجہ شقوں سے مشروط ہے۔

## ۱۵۔ کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۳۴(۳) کے تحت بیان

اس بیان میں ایجنڈا نمبر ۳ میں دیئے گئے خصوصی امور سے متعلق ضروری حقائق درج کیے گئے ہیں، جو سالانہ اجلاسِ عام میں انجام دیے جانے کا ارادہ ہے۔

### نوٹس کا ایجنڈا نمبر ۳

ٹیکنالوجی کی جدت کو مدنظر رکھتے ہوئے ایس ای سی پی نے ایس آر او ۳۸۹(۱)/۲۰۲۳ مورخہ ۲۱ مارچ ۲۰۲۳ء کے ذریعے لسٹڈ کمپنیز کو اجازت دی ہے کہ وہ سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کمپنی کے ممبران کو QR فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ارسال کریں، جو کہ شیئر ہولڈرز کے اجلاس کی اطلاع میں شامل کیا جا رہا ہے۔ کمپنی سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کمپنی ای میل کے ذریعے فراہم کرے گی اگر وہ کمپنی کو ممبران کی جانب سے فراہم کیے گئے ہوں اور اس کے علاوہ سالانہ مالیاتی حسابات کی ہارڈ کاپیاں بھی شیئر ہولڈرز کو باقاعدہ مکمل شدہ درخواست فارم، جیسا کہ کمپنی کی ویب سائٹ (www.stile.com.pk) پر دستیاب ہے، کی وصولی پر بلا قیمت فراہم کر دے گی۔

کمپنی کے کسی بھی ڈائریکٹرز کا خصوصی امور میں کوئی بھی بلواسطہ یا بلاواسطہ مفاد وابستہ نہیں، ماسوائے اس امر کے کہ وہ کمپنی کے ممبران اور ڈائریکٹرز ہیں۔